السنّة النبوية وعلومها
www.sunnah.global

اے اولاد اسماعیل! تم تیر اندازی کرو، کیونکہ تمہارے باپ تیر انداز تھے

سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کا ایسی جماعت پر سے گزر ہوا جو بطور مقابلہ تیر اندازی کر رہی تھی، تو آپ ﷺ نے (انہیں دیکھ کر) فرمایا: ”اے اولادِ اسماعیل! تم تیر اندازی کرو، کیوں کہ تمہارے باپ (اسماعیل علیہ السلام) بھی تیر انداز تھے“۔

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے۔]

سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بتا رہے ہیں کہ نبی ﷺ کا گزر اپنے چند ساتھیوں پر ہوا جو تیراندازی کا مقابلہ کر رہے تھے کہ کون اپنے ساتھی پر سبقت لے جاتا ہے، تو آپ صلی اللہ علیہ و سلم نے ان کی تائید کی اور یہ کہہ کر ان کا حوصلہ بڑھایا کہ اے اولادِ اسماعیل تیر اندازی کرو، یعنی اس کو لازم پکڑو اور اس پر قائم رہو کیوں کہ اے اولاد اسماعیل! یہ تمہارے اوپر اللہ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔ اور آپ اس سے عربوں کو مراد لے رہے تھے، کیوں کہ تمہارے باپ اسماعیل بن ابراہیم علیہما السلام ایک اچھے اور بہترین تیر انداز تھے۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3559